پہلے ہند چین سمندری معاملات سے متعلق مذاکرات

04 فروری، 2016 (آئی این ایس انڈیا)

پہلے ہند چین سمندری معاملات سے متعلق مذاکرات آج نئی دہلی میں ہوئے۔ ہندوستان کے وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں جوائنٹ سکریٹری (تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی امور) جناب امن دیپ سنگھ گل کی جانب سے کی گئی جبکہ چین کے وفد کی قیادت چین کی وزارت خارجہ میں معاون وزیر جناب کونگ جھانیو کے ذریعہ کی گئی۔

مذاکرات کے تحت باہمی دلچسپی کے مسائل شامل ہوئے جس میں سمندری سیکورٹی پر خیالات کا تبادلہ، بین الاقوامی انتظامات جیسے انکلوس اور آئی ایم او کے واقعات اور سمندری تعاون کے امکانات شامل ہیں۔ اگلی میٹنگ چین میں باہمی طور پر متفقہ تاریخ کو ہوگی۔

نئی دہلی

04 فروری، 2016